# 17-05-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ آر ایس پروین کمار نے الزام لگایا کہ مرکزی ایجنسیاں ایم ایل سی کے کویتا پر دباؤ بنا رہی ہیں کہ وہ دہلی شراب پالیسی کیس میں مخصوص سیاسی لیڈروں کے نام ظاہر کریں۔

☆ آندھرا پردیش میں انتخابات کے بعد ہوئے تشدد کے واقعات کی تحقیقات کیلئے خصوصی جانچ ٹیم SIT تشکیل دی جائے گی۔

☆ سابق وزیر وائی ایس وویکانند ارڈی قتل کیس میں کڑپہ کے رکن پارلیمنٹ وائی ایس اوی ناش ریڈی اور دیگر ملزمین حیدرآباد کے نامپلی میں واقع سی بی آئی عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔کیس کی سماعت آئندہ مہینہ کی گیارہ تک ملتوی ہوگئی۔

☆ تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آئندہ پانچ دنوں تک تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے مختلف مقامات پر آئندہ پانچ دنوں تک تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔محکمہ موسمیات نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ ریاست کے کئی مقامات پر آئندہ سات دنوں تک ہلکی تا اوسط بارش یا گرج چمک کے ساتھ بوندا باندی کا امکان ہے۔گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے مختلف اضلاع بھدرادری کتہ گوڑم، جنگاؤں، جوگولامبا گدوال، محبوب نگر، ناگر کرنول، سوریاپیٹ، ونپرتی اور محبوب آباد میں کئی مقامات پر شدید بارش ہوئی ہے۔اسی مدت کے دوران ریاست کے دیگر مقامات پر بھی بارش ہوئی۔عادل آباد میں کل اعظم ترین درجہ حرارت 39.8 ڈگری سلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

سابق وزیر وائی ایس وویکانندا ریڈی قتل کیس میں کڑپہ کے رکن پارلیمنٹ وائی ایس اوی ناش ریڈی، ان کے والد وائی ایس بھاسکر ریڈی اور ایک دیگر ملزم حیدرآباد کے نامپلی میں واقع سی بی آئی عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔اوی ناش ریڈی، بھاسکر ریڈی اور دیوی ریڈی شیوشنکر ریڈی اس وقت ضمانت پر ہیں اور تینوں ملزمین نامپلی کی فوجداری عدالت میں پیش ہوئے۔اس کیس کے دیگر چار ملزمین جو چنچل گوڑہ سنٹرل جیل میں بند ہے انہیں ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ جج کے سامنے پیش کیا گیا۔اس کیس میں ملزم سے سرکاری گواہ بننے والے شیخ دستگیری عدالت میں پیش نہیں ہوسکے جس کی وجہ سے کاروائی کو گیارہ جون تک ملتوی کردیا گیا۔

☆☆☆☆☆

آندھرا پردیش میں انتخابات کے بعد ہوئے تشدد کے واقعات کی تحقیقات کیلئے خصوصی جانچ ٹیم SIT تشکیل دی جائے گی۔ایس آئی ٹی الیکشن کمیشن آف انڈیا کو اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ایف آئی آر کو ضروری آئی پی سی دفعات اور متعلقہ دیگر قانونی دفعات کے تحت اپ ڈیٹ کیا جائے گا۔چیف سکریٹری کے ایس جواہر ریڈی اور ڈائرکٹر جنرل آف پولیس ہریش کمار گپتا کل چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار اور دو الیکشن کمشنرس کے سامنے نئی دہلی میں پیش ہوئے تھے۔انہوں نے انتخابات کے بعد ہوئے تشدد میں انتظامیہ کی ناکامی کی وجوہات سے الیکشن کمیشن کو واقف کروایا۔ تیرہ مئی کو رائے دہی کے دن اور اس کے بعد کے دنوں میں تروپتی، پال ناڈو، اننت پور میں کئی تشدد کے واقعات پیش آئے تھے۔سرکاری رپورٹ کی بنیاد پر الیکشن کمیشن نے سولہا عہدیداروں کے خلاف کاروائی کی اور پال ناڈو کے ایس پی جی بندو مادھو اور اننت پور کے ایس پی امیت بردار کو معطل کردیا۔کمیشن نے پال ناڈو ضلع کلکٹر ایس شنکر لو تھیٹی اور تروپتی ایس پی کرشنا کانت پٹیل کو ٹرانسفر کرنے کے احکامات جاری کئے۔ ان حکام کے خلاف تادیبی کاروائی بھی شروع کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

ڈرگس کنٹرول اڈمنسٹریشن تلنگانہ کے عہدیداروں نے میڑچل ملکاجگیری ضلع کے گھٹکیسر گاؤں میں سمپورنا آیورویدا نیلائم پر چھاپہ مارتے ہوئے مختلف قسم کے پاؤڈر ضبط کئے۔دعویٰ کیا جارہا ہے کہ ذیابطیس سمیت مختلف بیماریوں کے علاج کیلئے یہ آیورویدک دوا تیار کی گئی تھی۔عہدیداروں نے پاؤڈروں کے نمونے حاصل کئے اور انہیں جائزہ کیلئے ڈرگس کنٹرول لیباریٹری بھیج دیا۔حکام کے مطابق ٹسٹ رپورٹ میں پتہ چلا ہے کہ مذکورہ پاؤڈر میں ایلوپیتھک ڈرگس پائی گئی۔

لوک سبھا انتخابات کے ساتویں مرحلہ کے تحت امیدواروں کے پرچہ نامزدگی واپس لینے کی آج آخری تاریخ ہے۔ ساتویں مرحلہ کے تحت آئندہ مہینہ کی پہلی تاریخ کو سات ریاستوں اور ایک یونین ٹریٹری کی ستاون لوک سبھا سیٹوں پر رائے دہی ہوگی۔ اتر پردیش اور پنجاب کی تیرہ تیرہ سیٹیں، مغربی بنگال کی نو، بہار کی آٹھ، اڈیشہ کی چھ، ہماچل پردیش کی چار، جھارکھنڈ کی تین اور چندی گڑھ کی ایک سیٹ پر ساتویں اور آخری مرحلہ میں رائے دہی ہوگی۔

☆☆☆☆☆

پولیس نے انتخابی عمل سے متعلق فرضی جانکاری کے ساتھ ایک پرانا ویڈیو مبینہ طور پر سوشیل میڈیا پر وائرل کرنے کے الزام میں چار افراد کو گرفتار کیا ہے۔ گرفتار شدہ افراد کی شناخت ملکاجگیری کے وی شراون، نامپلی کے محمد بن علی الگوتمی، عثمان پورہ چادر گھاٹ کے پی کاشی اور چکڑ پلی کے کے مکھیلیش کے طور پر کی گئی ہے۔ شکایت کنندہ کے مطابق ٹوئٹر اور فیس بک پر اس نے ایسی ویڈیو دیکھی جس میں ایک پولنگ مرکز پر ایک شخص کو متعدد مرتبہ ووٹ ڈالتے ہوئے دیکھا گیا اور اس ویڈیو کے تعلق سے یہ کہا گیا کہ یہ حالیہ لوک سبھا انتخابات میں بہادر پورہ کے ایک پولنگ مرکز کا ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس قائدین آر ایس پروین کمار اور بالیکا سمن نے آج تہاڑ جیل میں بی آر ایس ایم ایل سی کویتا سے ملاقات کی۔ کویتا دہلی شراب پالیسی کیس میں تہاڑ جیل میں بند ہیں۔ یہ ملاقات اس وقت ہوئی جب دہلی کی ایک عدالت نے کویتا کی ضمانت کی عرضی کو چوبیس مئی تک ملتوی کر دیا۔ بعد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے آر ایس پروین کمار نے الزام لگایا کہ مرکزی ایجنسیاں ایم ایل سی کے کویتا پر دباؤ بنا رہی ہیں کہ وہ دہلی شراب پالیسی کیس میں مخصوص سیاسی لیڈروں کے نام ظاہر کریں۔ بی آر ایس نے انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ اور سنٹرل بیورو آف انوسٹی گیشن کی کاروائی کو غیر قانونی، غیر اخلاقی اور غیر آئینی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایجنسیاں ان سیاسی قائدین کو نشانہ بنا رہی ہیں جو بی جے پی کے مطابق نہیں چل رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی، سی بی آئی اور ای ڈی کو اپوزیشن کی آواز کو خاموش کرنے کیلئے استعمال کر رہی ہے۔

☆☆☆☆☆

سکندرآباد میں جی ایچ ایم سی کا سوئمنگ کامپلکس تلنگانہ سوئمنگ اسوسی ایشن کے تعاون سے 19 مئی کو سوئمنگ چمپئن شپ کی میزبانی کیلئے تیار ہے۔ 7th اسپورٹس فاؤنڈیشن کی جانب سے منعقد کی جارہی ہے اس چمپئن شپ کا مقصد اسکول کی سطح پر سوئمنگ کو فروغ دینا اور گرما کے دوران تفریحی سرگرمیوں کو فروغ دینا اور تعلیمی دباؤ کو کم کرنا ہے۔ اس مقابلہ کو تین زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ انڈر 10، انڈر 14 اور انڈر 17۔ سوئمنگ چمپئن شپ میں حصہ لینے کے خواہشمند افراد مزید جانکاری کیلئے فون نمبر 9347777794 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر زراعت تھوما لا ناگیشور راؤ نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ خریف سیزن کیلئے جلد ہی منصوبہ تیار کریں کیوں کہ اس سال وقت پر مانسون آنے کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ خریف ایکشن پلان کے نفاذ کے جائزہ کے دوران ریاستی وزیر نے کہا کہ جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق رہنے کی توقع ہے اور اس کا زرعی شعبہ پر مثبت اثر پڑ سکتا ہے۔ اس دوران ٹی ناگیشور راؤ نے وزیر اعلی کی جانب سے پندرہ اگست تک کسانوں کے قرض معاف کرنے کے اعلان کے ضمن میں کئے جارہے اقدامات کے تعلق سے عہدیداروں سے تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سال خریف سیزن سے فصل انشورنس کے موثر نفاذ کو یقینی بنایا جائے۔ ریاستی وزیر نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ فصل انشورنس کے نفاذ کے لئے ٹنڈر بھرنے والی کمپنیوں کے شرائط کا جائزہ لیں۔

☆☆☆☆☆